کروائیں اور اس کے سرخ کپڑے کے غلاف میں بند کر کے اُم الصبیان والے کے گلے میں ڈالیں۔ ایک اور نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر روغن کنجد میں حل کریں اور روغن کو سرخ شیشی میں ڈال کر دھوپ میں تین دن پڑا رہنے دیں۔ تین دن کے بعد اس پر سورۂ والتین ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس تیل کی روزانہ مالش مریض کے پورے جسم پر کریں۔ تین گھنٹہ بعد نیم گرم پانی سے دھو دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اکیس سے اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے مرض ام الصبیان سے مریض شفا کاملہ پائے گا۔



باؤگولہ یا اختناق الرحم یا ہسٹیریا

علامات ہسٹیریا کا جب دورہ پڑتا ہے تو ہاتھ پاؤں اکڑ جاتے ہیں۔ چہرے کی شکل بگڑ جاتی ہے۔ بغیر کسی وجہ کے چلانا، بڑبڑانا، مارنا، پٹینا، سانس لینے میں دقت ہونا، پیٹ اور چھاتی میں درد، گلے میں کچھ پھنس جانے کا احساس، جسم کو محض چھونے سے درد کا احساس ہونا، روشنی کی طرف دیکھنے میں لاچاری ہونا۔

وجوہات یہ مرض اکثر ان جوان عورتوں کو ہوتا ہے جن کی دلی خواہش پوری نہیں ہوتی اور جو اپنے کو ہمیشہ ناآسودہ مان کر دل میں الجھن یا احساس کمتری کا احساس کرتی رہتی ہیں۔ جسمانی یا دماغی صدمہ، تناؤ، سوچ، فکر رنج، خوف، قبض یا کوئی دیگر مرض ماہواری (حیض) کی خرابی، خاوند کے تئیں بغض وعناد۔

قدرتی علاج دورے کے وقت کپڑے ڈھیلے کردیں۔ اور تازہ ہوا لگنے دیں۔ پاؤں کے تلوے اور ہتھیلیوں کو مسلیں۔ بیہوشی کے وقت اس کے انگوٹھے کے ناخن میں اپنے انگوٹھے کا ناخن چبھو کر بیہوشی دور کریں۔ منہ پر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارنے سے بھی بے ہوشی دُور ہو جاتی ہے۔

- ہینگ یا پیاز کاٹ کر سنگھانے سے بھی ہوش آجاتا ہے۔
- پہلے کچھ دن رس پی کر پھر پھل کھا کر اور بغیر آگ کا پکا کچا کھانا کھا کر بعد میں متوازن خوراک پر آجائیں۔ جامن بہت مفید ہے۔ شہد کا استعمال فائدہ مند ہے۔

- امید افزا تعمیری خیالات بنائیں۔ مباشرت سے متعلقہ صحیح جانکاری حاصل کریں۔ دھیان اور یوگ ندرا کی مشق کریں۔
- ہر روز ٹھنڈے پانی سے نہانا، کھلی تازہ ہوا میں ہوا خوری کرنا اور کھلے جسم پر ہلکی دھوپ لینا بہت مفید ہے۔
- پدم آسن، سنگھ آسن، وجر آسن، تاڑ آسن، گرہبھ آسن، اُتان پاد آسن، گورکش آسن، گون آسن، اردھ ہست اتھان آسن، بھجنگ آسن، شوآسن فائدہ مند ہیں۔ (قدرتی صحت یوگ)

بندش پیشاب کیلئے

اگر سنگ گردہ شانہ یا کسی وجہ سے کسی آدمی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس مریض کو سورۃ الحجرات جس کے اعداد ۱۰۲۸۹۲ ہیں کا نقش اس وقت لکھیں جب چاند برج عقرب میں ہو اور ساعت مریخ کی ہو پلائیں۔ اور دوسرا نقش لکھ کر مریض یا جانور کی کمر میں باندھیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ صحت ہوگی۔

۲۵۷۲۲	۲۵۷۲۶	۲۵۷۲۹	۲۵۷۱۵
۲۵۷۲۸	۲۵۷۱۶	۲۵۷۲۱	۲۵۷۲۷
۲۵۷۱۷	۲۵۷۳۱	۲۵۷۲۴	۲۵۷۲۰
۲۵۷۲۵	۲۵۷۱۹	۲۵۷۱۸	۲۵۷۳۰

برائے ورم طحال

جو کہ ہزاروں مریضوں پر استعمال کی جا چکی ہیں۔ میں نے اس نسخہ کو بے حد

مفید پایا ہے۔

نسخہ یہ ہے :۔

صبر زرد ۳ ماشہ، نوشادر ۳ ماشہ، عصارہ ریوند ۳ ماشہ، ثمر حنظل ۳ ماشہ، صمغ ۳ ماشہ، کزبن سلفاس ۳ ماشہ، ہیراکسیس ۳ ماشہ، روغن بیدی ۳ ماشہ، گھیگوار کے لعاب میں کھرل کر کے گولیاں بمقدار نخود کے بنائیں۔

خوراک :۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ مکھن یا سادہ کے کھلائیں۔

برائے درد گردہ

زیرہ سفید ۶ ماشہ کے شیرہ میں قدرے زلبی گھس کر دو تین دفعہ پلائیں اور درد کی جگہ پر فلفل گرد ۱ ماشہ، مغز کونچ ۳ ماشہ، باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ میں حل کر کے کپڑا پر لگا کر چسپاں کر دیں۔ فوراً درد کافور ہوگا۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ

جو کہ میرے خاص الخاص مجربات سے ہے۔ استسقاء لحمی اور حمیات بلغمی مزمنہ اور نزلہ وغیرہ کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

صفۃ :۔ پھر واہان کے پتوں کا پانی پاؤ پختہ لے کر مقطر کر کے ہڑتال ورقی ۱ تولہ کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر سحق کریں۔ پھر ہڑتال مذکور کی ٹکیہ بنا کر دو اپلوں میں جن کا وزن نصف کلو پختہ کے قریب ہو ان کے درمیان کا واک کر کے رکھ لیں۔ پھر محفوظ جگہ پر جہاں ہوا نہ جا سکے آگ دیویں۔ کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔

خوراک :۔ ۲ چاول منقہ میں رکھ کر کھلائیں۔

بندش پیشاب کا خاتمہ

جس کسی کا کسی مرض یا سحر کی وجہ سے پیشاب بند ہو گیا ہو اور بے انتہاء تکلیف سے گزر رہا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے انتہا زود اثر ہے۔ فقیر کا بارہا آزمودہ عمل ہے۔ اس کے لیے ذیل کے دو عدد نقوش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں۔ ان پر اسی آیت مبارکہ کا ایک سو ایک مرتبہ بعد اول و آخر درود شریف شمار گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور ان میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے زرد رنگ کے کپڑے کے اندر بند کر کے مریض کی کمر میں اس طرح باندھیں کہ یہ نقش زیر ناف رہے۔ اور دوسرا نقش پانی والی بوتل میں حل کر لیں اور روزانہ دن میں پانچ مرتبہ ان الفاظ کے ساتھ مریض کو یہ پانی پلائیں۔ الفاظ یہ ہیں۔

یا الٰہی شِفَآءُکَ بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

انشاء اللہ تعالےٰ العزیز الحکیم تین دن کے عمل مسلسل سے مریض اس مرض سے شفاء پا جائے گا۔

بعد از شفاء نیاز حضور غوث پاک رحمۃ اللہ تعالےٰ حسب توفیق تقسیم کر دیں اور اکیس یوم کے بعد اس کمر والے نقش کو اتار کر دریا یا نہر کے بہتے پانی میں بہا دیں۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الرحمٰن

طٰہٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی ۝ اِلَّا
تَذْکِرَۃً لِّمَنْ یَّخْشٰی ۝ تَنْزِیْلًا
مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی ۝
طٰہٰ ۝ طٰہٰ ۝ طٰہٰ ۝ طٰہٰ ۝ طٰہٰ ۝

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۝

(تحفہ فقری)

وظیفہ زوجیت پر قادر نہ ہو

اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے محبت کرنے پر قابو نہ پا سکے تو ذیل کا عمل کرے آپ ایک حصہ پیاز اور دو حصہ شہد پر سورۂ ابراہیم جس کے اعداد ۲۴۵۸۱۸ ہیں۔ اگر آپ نے مذکورہ بالا سورہ کو مذکورہ بالا نسخہ پر تین دفعہ پڑھ کر پھونک دیا اور آگ پر چڑھا کر پیاز کا پانی ختم کر دیا اور صرف شہد باقی رہ جائے۔ آپ نے اسے نیچے اتار لینا ہے۔ ۳ تولہ روز کھائیں۔ مجرب ہے۔ بارہا آزمایا ہوا ہے۔

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

روغن دافع نامردی

بلق، نامردی، وجع المفاصل، درد اعصاب وغیرہ، سم الفار ۶ ماشہ، شنگرف رومی ۱ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۱ عدد، برگ منیلال ½ ۱ کلو۔ تمام اشیاء کو کونڈی ڈنڈا سے یک جان کر کے گولیاں دراز بنائیں اور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

استعمال:۔ نامردی کے واسطے روٹی گندم میں گھی ڈال کر چوپ کریں اور اس پر ایک یا دو قطرہ روغن ہذا ڈال کر تناول کریں۔ اسی طرح ایک ہفتہ تک پھر ہفتہ کا وقفہ دے کر ایک ہفتہ استعمال کریں۔ خدا چاہے بہت جلد شفاء ہوگی۔

پرہیز:۔ ترش و بادی چیز سے اور تیل میں پکی ہوئی اشیاء سے۔

جریان و احتلام کیلئے

جریان، احتلام اور سرعتِ انزال، حتیٰ کہ ذیابیطس کے لیے بہترین اور زود اثر ہے۔

نسخہ:۔ کشتہ چاندی ۶ ماشہ، کشتہ قلعی ۶ ماشہ، کشتہ شاخ مرجان ۶ ماشہ، طباشیر نیلگوں ۱ تولہ، کہربا شمعی ۶ ماشہ، ورق نقرہ ۵۰ عدد۔ تمام ادویات کو یک جان کر لیں اور محفوظ رکھیں۔ اس کے بعد لاجونتی ۱۵ تولہ بھی اضافہ کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک پانی یا مناسب شربت سے دن میں تین مرتبہ نوش کریں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ARCHIVE

جریان کے لیے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا شَافِیُ	یَا شَافِیُ	یَا شَافِیُ
یَا کَافِیُ	یَا کَافِیُ	یَا کَافِیُ
یَا وَدُوۡدُ	یَا وَدُوۡدُ	یَا وَدُوۡدُ
یَا رَحِیۡمُ	یَا رَحِیۡمُ	یَا رَحِیۡمُ

پڑھ کر ایک پیالی پانی پر دم کریں اور صبح نہار منہ سورج نکلنے سے پہلے شمال رخ بیٹھ کر ایک ایک گھونٹ کر کے تین گھونٹ میں پی لیں۔ قابض اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ (روحانی علاج)

مقوی معدہ کالی مرچ کو شہد یا کسی دوسرے مفید و مناسب بدرقہ سے کھانا مقوی معدہ دوا ہے۔

ہاضم طعام کالی مرچ کو تنہا یا نمک یا مصری کے ساتھ سفوف کر کے پانی یا کسی اور مناسب مشروب کے ساتھ کھانا ہاضم طعام ہے۔

السر یا معدے کا زخم

ناقص غذاؤں کی وجہ سے یہ مرض عام ہو گیا ہے۔ چٹ پٹی، مرچ، گرم مصالحہ، تلی ہوئی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

اس نقش کو روزانہ صبح و شام اور رات پلیٹ میں لکھ کر پانی سے دھو کر پینے سے السر اور معدہ میں زخم کی شکایت ختم ہو جاتی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۷	۳۲	۲۱	۱	۱۶	۱۴	۵
۲۳	۱۸	۲۳	۲۶	۲	۶	۸
۲۲	۲۳	۱۹	۲۹	۷	۳	۱۰
۲۵	۲۷	۳۰	۲۰	۹	۱۵	۴
۲۸	۲۱	۲۴	۳۵	۱۱	۱۶	۱۳

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

درد معدہ

کالی مرچ ۲ ماشہ کو ہم وزن نمک سیاہ کے ساتھ کوٹ کر عرق بادیان یا نانخواہ سے کھانا ہر قسم کے درد معدہ کے لیے عموماً اور وجع المعدہ بلغمی کے لیے خصوصاً نہایت مفید و مجرب ہے۔

دیگر کالی مرچ کے جوشاندے کے استعمال سے بھی اس قسم کا درد معدہ دور ہو جاتا ہے۔ اور معدہ کو تقویت بھی حاصل ہوتی ہے۔

ایام کی زیادتی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا عَجَائِبَ الۡخَفَا وَیَا وَرَاءَ الۡخَلۡقُ

زرد روشنائی سے تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ زور ہو تو صرف تین روز تک

ایک ایک تعویذ یومیہ صبح نہار منہ دھو کر پی لیں۔

لیکوریا (رحم کے جملہ امراض)

هُوَ الْاَمْرُ هِيَ عَمَّا نَوِيْل
بِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

رحم کے امراض (جن میں رسولی بھی شامل ہے) کے لیے مندرجہ بالا تعویذ گلے میں پہنائیں۔ شدت کی صورت میں ایک تعویذ روزانہ صبح نہار منہ چالیس روز تک پانی میں دھو کر پئیں یا پلائیں۔

لیکوریا کے لیے

اسگند کی جڑ کا سفوف دو چھٹانک، طباشیر ۳ تولہ، ست گلو ۱ تولہ، کہربا شمعی ۶ ماشہ۔

ترکیب:۔ اسگند کی جڑ کو باریک کر کے چھان لیں اور تمام چیزوں کو کھرل کر کے کپڑ چھان کریں۔ باقی تمام چیزوں کے ہم وزن قند سفید ملائیں۔

استعمال:۔ صبح سویرے نہار منہ ۶ ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں لیکن جب دوائی کھائیں تو کھڑے ہو کر کھائیں۔

پرہیز:۔ کھٹی، تیل کی اشیاء، بڑا گوشت اور لال مرچ۔

قلب الحجر (پتھر کا دل)

اسے حکیم وئید بخوبی جانتے ہیں۔ قلب الحجر بھی بولتے ہیں۔ خاص قسم کے پتھروں سے برآمد ہوتا ہے۔

حمل گر جانا

یہ ایسی نامراد بیماری ہے کہ جس عورت کا ایک دفعہ گر جائے اُسے حمل گرنے کی عادت پڑ جاتی ہے۔ ہزاروں علاج فیل ہو جاتے ہیں مگر قلب الحجر یعنی پتھر کا دل کبھی فیل نہیں ہوتا۔

ترکیب:۔ قلب الحجر ۴ رتی، طباشیر ۱ ماشہ، مویز ۲ عدد ملاؤ۔ یہ ایک خوراک ہے۔ حمل ٹھہرنے کے بعد اسے شروع کر دیں۔ پہلے ماہ صبح شام ایک ہفتہ تک دیں۔ پھر بند، اسی طرح دوسرے تیسرے ماہ تک دیں۔ ہمراہ دودھ یا تازہ پانی۔ جب چوتھا مہینہ شروع ہو تو قلب الحجر والا نسخہ صبح و شام دیں۔ مگر ۴ دن تک پانچویں، چھٹے ماہ تک جاری رکھیں۔ جب ساتواں ماہ شروع ہو صرف ۲ دن، آٹھویں نویں مہینے تک دیں۔ حمل مکمل ہو کر طاقتور، تندرست بچہ پیدا ہوگا۔ یہ وہ لاجواب علاج ہے جس سے آج تک نامعلوم کتنے ہزار گھروں میں لخت جگر کھیل رہے ہیں۔ ڈٹولین وغیرہ انگریزی علاج کا منہ توڑ جواب ہے۔ حمل میں جماع سے پرہیز ضروری ہے۔

تپ دق کے لیے

یہ نسخہ میرا مجرب اور آزمودہ ہے۔ اور اس وقت تک کئی ایک سینٹی ٹوریم ہائے میں رائج ہے۔ اسکی مکمل تفصیل اور تجربات میں نے اپنی کتاب دق اور رودنتی میں وضاحت سے درج کی ہے۔

نسخہ یہ ہے:۔ مہارودنتی سالم پھل کا سفوف ۲۰ تولہ، چھوٹا چندرا (سرب گندھا) جڑھ کے چھلکے کا سفوف ۱۰ تولہ، ہلدی خام مادہ چھوٹی گانٹھ کا

سفوف ۵ تولہ، آک کا تازہ دودھ ایک تولہ، مورن بنت التی پس نمدہ ۱ تولہ۔
سب کو یک جان کر کے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ ۲½ سے ایک ماشہ دن بھر میں ۴ مرتبہ دودھ کے ساتھ یا کیپسول میں ڈال کر ہر قسم کے تپ دق کے لیے لاجواب دوا ہے۔

برائے سل دق

خاکستر برگ درخت سوڑہ تولہ، خاکستر سرطان نہدی ۶ ماشہ، صمغ عربی تولہ، سفوف سازند۔

خوراک :۔ یک یک ماشہ صبح و شام بخورند نقوع برگ سوڑہ چار عدد، یا شربت خشخاش شیریں کردہ بنوشند یک دو مرتبہ در روز شربت شنا بنوشند۔

دیگر صندل سفید در عرق گلاب کھرل کردہ تولہ، کافور ۴ ماشہ، تباشیر کوہ ۱ ماشہ مروارید ناسفتہ در عرق گلاب کھرل کردہ ۱ ماشہ، زہر مہرہ ۱ ماشہ، مغز کنول گٹہ ۱ ماشہ، کتھ ۴ ماشہ، تمام کو یک جان کر کے حسب بقدر نخود باندیں۔

خوراک :۔ ایک حب ہمراہ عرق و شربت مذکور۔

اسم اعظم

اسم اعظم کے کبریت احمر ہونے میں شک و شبہ کی گنجائش ہی نہیں ہے لیکن قدرت نے اس کو مخلوق کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھا ہے اسی وجہ سے اسم اعظم کی تحقیق میں بڑا اختلاف ہے لیکن اکثر اس پر متفق ہیں کہ اسم اعظم اللہ ہے اور یہی مذہب ہے۔ حضرت غوث اعظم کا۔

حضرت امام زین العابدین فرماتے ہیں کہ اسم اعظم ھو اللہ الذی لا الٰہ

الا ھو رب العرش العظیم ہے۔
بعض محدثین مثلاً ابن حبان حاکم احمد بن شبیہ اور ابن ماجہ کی تحقیق ہے۔
لا الٰہ انت الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد۔
یہ اسم اعظم ہے۔ بعض محدثین کی تحقیق ہے کہ اسم اعظم ان دونوں آیتوں میں پوشیدہ ہے۔ والھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم اور اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم۔

احادیث شریف کی بعض کتب مثلاً ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، شبیہ کی تحقیق ہے کہ اسم اعظم تین سورتوں میں پنہاں ہے۔ سورۃ بقرہ اور آل عمران کی اور بعض کی تحقیق ہے کہ الحی القیوم اسم اعظم ہے اور اس پوری آیت پاک کو اسم اعظم مانتے ہیں یعنی۔

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم

حضرت مولانا جلال الدین سیوطیؒ نے ایک مستقل کتاب اسم اعظم کی تحقیق میں لکھی ہے۔ جس میں تمام احادیث اور متصوفین اور محدثین کے اقوال کو جمع کیا ہے لیکن باوجود تمام اختلافات کے جمہور کا اتفاق اس پر ہے کہ اسم اعظم اللہ ہے۔ اس اسم کا اطلاق مجازی طریق پر دوسروں پر بھی اطلاق ہو سکتے ہیں۔ مثلاً اسم علیہم دوسروں کے واسطے قرآن پاک میں ہے۔ یہاں تک کہ ساحران فرعون کو بھی علیہم سے مخاطب کیا گیا ہے۔ مگر اسم اللہ مجازی طریق بھی آج تک کسی پر نہ ہوا جو شخص باطہارت اسم اعظم اللہ زعفران سے سوا لاکھ مرتبہ لکھے اور ہر نام کو جدا جدا کاٹ کر اور اس کی گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر ایسے پانی میں ڈال دیا کریں جس میں مچھلیاں ہوں تو یقیناً اس پر غیب کے خزانے کھل جائیں گے۔ اور وہ کبھی پریشان

نہ ہوگا۔ اور بادشاہوں کی طرح اس کا دبدبہ اور رعب دوسروں پر ہوگا۔ سوا لاکھ تعداد پوری کرنا ہے۔ چاہے کتنے ہی دنوں میں ہو مگر جب شروع کیا جائے تو کسی دن ناغہ نہ ہو چاہے دس بیس ہی لکھے اور گولیاں بھی روزانہ ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ جب موقع ملے دریا میں ڈال دیا کرے۔ کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔

برائے ہچکی

خواہ کیسی ہی ہچکی ہو ۱۰ منٹ میں آرام آجاتا ہے۔ جوکھار، قلمی شورہ، سہاگہ سفید بریاں، مرچ سیاہ ہر ایک چیز برابر وزن لے کر تلسی کے عرق میں چار یوم کھرل کر کے گولی بقدر گٹھلی بیر کے بنائیں۔

خوراک :- ایک گولی ہمراہ نیم گرم پانی کھلائیں اور ایک گولی منہ میں رکھیں۔ چند یوم میں آرام ہوگا۔

دافع قے کالی مرچ نیم کوفتہ ۴ ماشہ۔ الائچی خورد کوفتہ ۲ ماشہ۔ دونوں کو عرق پودینہ میں جوشں دے کر چھان کر گھونٹ گھونٹ پیتے رہنا قے کے دفعیے کے لیے لاجواب چیز ہے۔

دیگر کالی مرچ کو رب انار یا سیب وغیرہ میں ملا کر بطور لعوق کام میں لانے سے ہر قسم کی قے رک جاتی ہے۔

دافع فواق و ہچکی کالی مرچ ۴ ماشہ کو سفوف کر کے ایک تولہ شہد میں ملائیں اور ایک خوراک صبح و شام عرق پودینہ کے ساتھ استعمال کریں۔ معدہ میں جما ہوا دودھ یا خون خارج ہو جاتا ہے۔

بچھو یا سانپ کے کاٹے کا علاج

اس میں بچھو، سانپ یا کسی زہریلے کیڑے کا کاٹنا شامل ہے کسی زہریلی دوا کا ری ایکشن ہو گیا ہو تو بھی یہ تعویذ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

چینی کی پلیٹ میں زرد رنگ سے لکھ کر بار بار دھو کر پینے سے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

یَا رَحِیْمُ	یَا اَللّٰہُ	یَا مُرِیْدُ
یَا رَحِیْمُ	یَا اَللّٰہُ	یَا مُرِیْدُ
یَا رَحِیْمُ	یَا اَللّٰہُ	یَا مُرِیْدُ

یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ یَا لَطِیْفُ یَا بَدِیْعُ

برائے یرقان

مرض یرقان میں مبتلا حضرات کے لیے ذیل کا عمل عطیہ شیخ نورالدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ از حد نافع ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش روزانہ چینی کی طشتری پر زعفران و گلاب سے بنائیں اور اس کو شہد کے شربت سے دھو کر (نہار منہ پلائیں) اول و آخر درود شریف ابراہیمی بھی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے عمل مسلسل سے مکمل شفا حاصل ہوگی۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP



یرقان یا پیلیا

قدرتی علاج:۔

جہاں تک ممکن ہو کچھ دن لیموں پانی اور رس پی کر فاقہ پر رہنا چاہیے۔ سنگترا موسمی انگور، سیب وغیرہ کا رس لیں۔ تازہ انگور نہ ملیں تو کشمش کا پانی لیں اور گنے چوسیں۔ پھل اور سلاد لیں۔

لوہا والی کھانے کی چیزیں لیں۔ کریلے کا رس پانی ملا کر لیں۔ پالک کا رس اور انجیر کا استعمال بہت فائدہ مند ہے۔

مولی کے رس میں لیموں ڈال کر پئیں۔

مولی کے پتوں کا رس دو بار لیں۔

میتھی چار گھنٹے بھگو کر ابال کر چوتھائی رہ جانے پر دس گرام شہد میں ملا کر لیں۔

سورج کی شعاعوں میں تپایا ہوا ہرے رنگ کی بوتل کا پانی پئیں۔

اینیما، مٹی کی پٹی، ٹھنڈا کمر کا غسل، اعضائے تناسل کا غسل، جگر پر گرم ٹھنڈا سیک، گیلی چادر لپیٹ لیں۔

ناڑی شودھن، پرانایام، انولوم پرانایام، وپریت کرنی، یوگ آسن، اتان پاد آسن بھجنگ آسن، شو آسن کریں۔ (قدرتی صحت یوگ)

برائے ذیابیطس

سیماب مصفیٰ ایک چھٹانک۔ قلعی شدہ ایک چھٹانک۔ پہلے قلعی کو کسی کٹھالی میں ڈال کر آگ پر رکھیں کہ گل جائے پھر اس میں سیماب مصفیٰ ڈال کر خوب کھرل کریں مثل غبار باریک ہو جائے۔ یہ دوائی بقدر ایک رتی صبح بالائی یا مکھن میں ڈال کر کھلا دیں اور شہد ملا ہوا دودھ بقدر ضرورت پلا دیں۔ اسی طرح شام کو دیں۔ اسی طرح ایک ماہ تک استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوگا۔

اکسیر ذیابیطس

خشت کہنہ، کسی پرانے کنوئیں یا تالاب میں پڑی رہی ہو۔ مغز خستہ جامن، مغز خستہ انبہ یک تولہ، کنگھی ۳ تولہ، تخم کٹائی۔ دانہ الائچی خورد، طباشیر کبود، دارچینی کباب چینی، کشتہ صدف، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ فولاد۔ ہر ایک تولہ۔ افیون ۲ ماشہ سفوف تیار کر کے رکھ لیں۔

خوراک:۔ ۲، ۳ ماشہ۔ ہمراہ آب نقوع پنبہ دانہ ۹ ماشہ بغیر شرینی آمیختہ تمام نشاستہ دار و شیریں اشیاء سے پرہیز کریں۔

دیگر شکر پیشاب میں ہو یا خون میں، دونوں حالتوں میں مندرجہ ذیل تعویذ کاغذ یا چینی کی پلیٹوں پر زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر تینوں وقت

کھانے سے پندرہ بیس منٹ پہلے پانی سے دھو کر پئیں۔

ح	م	ص	ع
ق	ر	ا	ع
ت	ل	ك	ا
ی	ا	ت	ل

مٹھاس سے پرہیز ضروری ہے البتہ بامن اس مرض میں کھانا مفید ہے کالے چنے، چھلکوں سمیت، پسوا کر اس آٹے کی روٹی کھانا ذیابیطس میں خاص طور سے فائدہ مند ہے۔ (روحانی علاج)

تلی کا بڑھ جانا

معدوقت میں لکھ کر مریض کو دیں اور ہدایت کریں کہ اس تعویذ کو تلی والے حصے میں رکھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ اپنے مقام پر آجائے گی۔

نسخہ یہ ہے:۔

اجوائن گھیکوار کا گودا۔ گودے کو اجوائن میں ملا کر تر کر کے سکھائیں۔ ۲ گرام دن میں ۲ بار لیں۔

کھانا زہریلے اثرات سے محفوظ

کھانے کو ہر قسم کے زہریلے اور مضر اثرات سے پاک رکھنے کے لیے تاکہ وہ صحت کو کوئی ضعف نہ پہنچا سکے۔ ذیل کا عطیہ حکیم ارشد حسین نقشبندی از حد فائدہ بخش ہے:۔

اس کے لیے سورۃ الفاتحہ کو پیتل کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پانی بنائیں اور اس پر اسی سورہ کو گیارہ مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف شفاء سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی میں ہنڈیا کو پکائیں اور اس پانی سے آٹا گوندھیں اور روٹی پکائیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ انسان ہر قسم کی تکلیف امراض سے محفوظ رہے گا۔

بے تکلف دانت نکلنے کیلئے

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ بے تکلف دانت نکل آئیں گے۔

ھو	ع	مسح	۲
ط	و	۲	و
و	و ط	س	سر
حد	ے	ح	ولا

اکسیر کالی کھانسی

زیرہ گل کنڈیاری جو گل کے بیج میں زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ زیرہ گل آک سایہ میں خشک کر کے ہم وزن پیس کر محفوظ رکھیں۔ ہمراہ شہد ارتی تا ۳ رتی بچہ کو چٹائیں، سات خوراک میں کھانسی دفع ہو گی۔

پرہیز اشیاء ترش و ثقیل سے۔

شوگر کا علاج

اس تعویذ کو روزانہ تہجد کے بعد ۱۲ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد تعویذ کو پانی میں بھگو دیں۔ اور فجر کی نماز پڑھ کر پانی پی لیں۔ اللہ کی رحمت سے شوگر کنٹرول ہو کر خود بخود ختم ہو جائے گی۔

یا اسرع الحاسبین یا احسن الخالقین ویا خیر الناصرین اسئلک ان تغفر لی

کھانسی کے لیے

قدرتی علاج ایک دن کا مکمل فاقہ کریں۔ پھر دو تین دن بغیر آگ کا پکا کھانا ہیں۔ سفید پیٹھا، گھیا کا رس وغیرہ بہت مفید ہے۔ تلسی اور ادرک کا رس شہد کے ساتھ ملا کر دن میں دو تین بار چائیں۔ انار کا چھلکا منہ میں رکھ کر چوسیں۔ ایک چمچہ لیموں کے رس میں ڈال کر دن میں تین چار بار پئیں۔ ایک چمچہ شہد کو الائچی و سونٹھ کے سفوف میں ملا کر دن میں تین بار چائیں۔

- خشک کھانسی میں بڑی ہڑ کا چھلکا منہ میں رکھ کر چوسیں۔ بچنائی کا استعمال نہ کریں۔ ہری سبزیوں کا سوپ لیں۔ کالی مرچ پیس کر شہد کے ساتھ لیں۔
- گلر کھانسی میں ہسن کا رس شہد ملا کر دیں۔ سورج کی شعاؤں میں تپایا ہوا بینگنی رنگ کی بوتل کا پانی دیں۔ سنگترے کا رس نیم گرم پانی میں ملا کر دیں۔ دو تین عدد لونگ کو منہ میں رکھیں اور چائیں۔ تلسی کا کاڑھا لیں۔
- نمک کے پانی کے غرارے کریں۔ چھاتی کے اوپر کے حصے پر گیلی پٹی رکھیں۔
- سورج بھیدی پرانا یام، سروانگ آسن، پشچم تان آسن، اینیما، جل نیتی کنجل کریں اور ناک کے دائیں نتھنے سے سانس لیں۔

سر درد کے لیے

سر میں درد ہو تو یہ نقش پانی میں بھگو کر پئیں۔ مرض جاتا رہے گا۔

۷۸۶

۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵

آدھے سر کا درد

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ میں لپیٹ کر باندھے۔ بفضلہ تعالیٰ درد سر جاتا رہے گا۔ یہ نقش اس طرف باندھا جائے گا جس طرف آدھے سر میں درد ہوگا۔



برائے پھلبہری یعنی برص

کشتہ مرتال گودنتی ۲ سرخ ہمراہ آب برگ دیار کپاس یعنی کپاس کے پتوں اور ٹینڈوں کو جن کا وزن قریباً ۲ تولہ ہو۔ پاؤ پختہ پانی میں جوش دیں۔ جب پانی قریب چہارم حصہ رہ جائے چھان کر شکر تری ملا کر کشتہ مذکور صبح و شام استعمال فرمائیں۔ دو ہفتہ میں مرض برص زائل ہو جائے گی۔ مگر ادویہ مذکورہ سے پیشتر منقیٰ کرانا ضروری ہے۔ پرہیز اشیائے حامضہ و ثقہ۔

اختلاج قلب

دواء المسک معتدل جواہر والا سادہ، خمیرہ گاؤزبان عنبری یا سادہ ۶ ماشہ ورق نقرہ ۱ عدد یا ورق طلا ۱ عدد میں حسب موقعہ لپیٹ کر اول کھلا دیں اوپر سے گل گاؤزبان ۶ ماشہ، ابریشم خام ۲ ماشہ، بہمن سفید چاندی کے بجھے ہوئے ۴ ماشہ پانی میں تر کر کے کپڑے میں چھان لیں اور شربت سیب ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

بدبختی کی وجہ سے پریشانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ج

عشاء کے بعد ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیر لیں۔

یہ عمل اکیس روز چالیس روز یا نوے دن تک جاری رکھیں۔ جیسے حالات ہوں اس کے مطابق عمل کریں۔ (روحانی علاج)

امراض القلب

اطبائے ہند نے کالی مرچ کو شہد میں ملا کر کھانا مقوی قلب لکھا ہے۔
کالی مرچ کے معجون کا استعمال خفقان بلغمی میں مفید سنا گیا ہے۔
کالی مرچ کو باریک پیس کر شربت زنجبیل پانچ گنا میں ملا کر معجون تیار کر لیں اور بقدر مناسب کھلاتے رہیں۔ اعلیٰ درجہ کی محرک قلب دوا ہے۔
مرچ سیاہ کو اندرونی طور پر کھانا اور اسے گلاب میں پیس کر مقام قلب پر لیپ کرنا یا کسی روغن میں ملا کر اس کی مالش کرنا اختلاج قلب بارد میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے

جوڑوں کے درد سے نجات

جوڑوں کے درد کے لیے ذیل کا عطیہ روحانی سیدنا غوث الاعظم رحمۃ اللہ از حد کارگر اور آزمودہ عمل ہے۔

اس مقصد کے لیے مریض روزانہ بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے پہلے سورۂ اقراء سات مرتبہ پڑھ کر سجدہ تلاوت کرے۔ اور بعد سجدہ میں یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے جوڑوں پر دم بھی کرے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے اس مرض سے نجات مل جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ہ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ہ

خفقان و اختلاج القلب کیلئے

مروارید ناصفتہ ۱ ماشہ۔ لبا شیر کبود ۶ ماشہ، زرشک ۹ ماشہ۔ مغز کنول ۹ ماشہ مربہ آنولا بنارسی ۳ عدد۔ مربہ ہریڑ کلاں ۳ عدد۔ مربہ گذر ۳ عدد۔ مربہ سیب ۱ عدد گل سیوتی ۱ تولہ۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ کل اشیاء کو باہمی ملائیں اور تیز آنولہ میں لت پت کر کے مثل معجون بنا رکھیں۔ بقدر ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام ہمراہ شربت سنگترہ استعمال کرائیں۔

اکسیر سوکھا روگ

کلیجی پوڈر ۱ تولہ۔ طباشیر اصلی ۲½ تولہ، دانہ الائچی خورد ۲½ تولہ سوڈا بائیکارب ۱ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔ یہ سفوف بچوں کے سوکھا روگ میں بے حد مفید ثابت ہوا ہے

اس کے متواتر استعمال سے بچوں کی کمزوری، لاغری خرابی ہاضمہ، بخار، خشکی و نیز جلد سے جلد دور ہوتی ہے۔ اور بچہ چند دنوں میں توانا و تندرست ہو جاتا ہے۔

خوراک:۔ ۲ رتی سے ۴ رتی دن میں ۲ سے ۳ بار ماں کے دودھ میں یا پانی میں گھول کر پلائیں۔

برائے سوکھا پن

سوکھے کے لیے یہ نقش بیگن پر تین طرف سونی یا چاقو کی نوک سے گویا کندہ کریں۔ اتوار کے دن جہاں بچہ سوتا ہو وہاں لٹکا دیں۔ بچہ کو اس بیگن کے نیچے اکثر رکھیں۔ جتنا جتنا بیگن سوکھے گا انشاء اللہ تعالےٰ بچہ اتنا اتنا فربہ و توانا و تندرست ہوتا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

نوٹ:۔ اعداد چال کے لیے ہیں۔

۷۸۶

ط ۶	و لا ۱	وی ۸
لا ۷	ھ ھ	و ۳
مس ۲	ق ۹	ای ۴

ڈبہ اطفال

ایک بالشت کا سرکنڈہ لے کر سورۂ اخلاص و معوذتین تین تین بار دم کرے چھری سے تھوڑا سا کاٹے پھر ایسا ہی کرے تین مرتبہ کرے۔ تین روز کے اندر مرض جاتا رہے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

برائے سوکھا

وان یکاد الذین کفروا۔ ۴۶۹۶ ربع بکسر ۱۱۶۶۲ موم جامہ کرکے بچے کو پہنائیں اور یہ نقش دفع نظر کے لیے بھی مفید ہے۔

۷۸۶

۱۱۶۶	۱۱۸۰	۱۱۷۷	۱۱۷۳
۱۱۷۸	۱۱۷۲	۱۱۶۷	۱۱۷۹
۱۱۷۱	۱۱۷۵	۱۱۸۲	۱۱۶۸
۱۱۸۱	۱۱۶۹	۱۱۷۰	۱۱۷۶

سوکھا روگ

قدرتی علاج:۔

بچے کو ایک برس تک ماں کا دودھ ملنا چاہیے۔ اس کے بعد گائے یا بکری کا دودھ پانی ملا کر دے سکتے ہیں۔ دودھ پلانے والی ماں کو کیلشیم اور وٹامن "ڈی" سے بھرپور چیزیں کھانی چاہئیں۔ تلوں کا دودھ ان کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ ہوا کا غسل اور دھوپ کا غسل ضرور کرائیں۔ ریڑھ کی ہڈی کی مالش کریں۔ پیڑو پر گیلی مٹی کی پٹی رکھیں۔ (قدرتی صحت یوگ)

خونی پیچش

اسہال کے لیے ذیل کا عطیہ حکیم اللہ دتہ قادری سہروردی از حد مفید ہے:۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس کو عرق گاؤزبان عرق کاسنی اور عرق بادیان خطائی ہم وزن کے لیے اندر مل کریں اور اس کا ایک کپ مریض کو کھانے کے پندرہ منٹ بعد تین دن استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو پیچش سے آفاقہ ہو جائے گا۔

اگر خونی پیچش ہوں تو اس کا استعمال سات دن کریں اور روزانہ ذیل کا نقش نمبر ۲ کسی کاغذ پر بنا کر اس کو روزانہ رات کو اپنے مقعد کے اوپر اچھی طرح پھیر کر اسکی بتی بنائیں اور ذرا سے سرسوں کا تیل میں ڈبو کر تر کریں اور اچھی طرح ملا کر نالی میں اسکی راکھ بہا دیں۔ یہ کام سات یوم تک کریں۔ بعد ازاں اپنے ہاتھ اچھی طرح صابن سے دھو کر پاک صاف کر لیں۔

نقش نمبر ۱:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۷۶۶۶	۷۶۶۲	۷۶۴۷	۷۶۵۴	۷۶۶۰
۷۶۴۸	۷۶۵۵	۷۶۶۱	۷۶۶۷	۷۶۶۸
۷۶۶۲	۷۶۶۳	۷۶۶۹	۷۶۴۹	۷۶۵۶
۷۶۷۰	۷۶۵۰	۷۶۵۷	۷۶۵۸	۷۶۶۴
۷۶۵۲	۷۶۵۹	۷۶۷۵	۷۶۷۱	۷۶۵۱

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ

وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ

الَّا خَسَارًا (بنی اسرائیل)

نقش نمبر ۲ اگلے صفحہ پر

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

نقش نمبر ۲



مارگزیدہ کے لیے

میرا کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔ بلکہ اگر وقت پر استعمال کیا جائے تو یقینی فائدہ دیتا ہے۔

تمباکو دیسی کی جب سیاں بنتے ہیں تو اس میں سے لکڑیاں جدا کر لیتے ہیں یہ لکڑیاں جمع کر کے پھونک لیں، اور راکھ کو بھگو کر دو تین دن تک اس کا زلال لیں اور حسب دستور نمک تیار کریں۔ یہ نمک بوقت ضرورت مارگزیدہ کو دو تین رتی کے قریب سادہ پانی سے کھلائیں اور جائے نیش پر بھی چٹکنے لگا کر دو تین رتی کے قریب مل دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ آرام ہو جائے گا۔

نقش معظم

سامنے دیے ہوئے نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔

۴۱۶۶۶	۴۱۶۸۸	۴۱۶۶۵	۴۱۶۸۲
۴۱۶۸۶	۴۱۶۸۱	۴۱۶۷۶	۴۱۶۴۷
۴۱۶۸۸	۴۱۶۸۳	۴۱۶۹۰	۴۱۶۰۰
۴۱۶۷۹	۴۱۶۷۸	۴۱۶۷۹	۴۱۶۶۳

مرگی کے لیے

اگر کوئی شخص مرگی کا شکار ہو چکا ہو تو اس کو ذیل کا دیے ہوئے نقش مرغ کے خون سے لکھے اور مریض کے گلے میں ڈالے۔ اگر مرغ نہ مل سکے تو زعفران یا مشک سے لکھے۔

درد شکم کے لیے

نیچے دیے ہوئے نقش کو ایک منڈی کے پتے پر لکھ کر مریض کو چٹا دے درد شکم فوراً دور ہو جائے گا۔

۱۹۱	ع	ع	عصم
ر	ع	۱۰	۷۸
ع	ب	۷۹	۶۲

دودھ کی زیادتی کے لیے

مندرجہ ذیل دی ہوئی آیت کو نمک پر سات بار پڑھ کر دم کرنے سے اور کھانے سے دودھ کی کثرت ہو جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مثل الذين امنوا بهم

فی سبیل اللہ کمثل حبۃ واللہ یضاعف لمن یشاء واللہ واسعٌ علیم

ڈر کے لیے

اگر کوئی بچہ یا آدمی خواب میں ڈرتا ہو اور بیمار نہ ہو تو اس کے لیے سامنے دیا ہوا نقش لکھ کر اسکی گردن میں ڈالیں انشاء اللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا۔

یا اللہ	یا رحمٰن		یا رحیم
یا مالک	یا قدوس		یا سلام
یا مومن	یا ماجد		یا رب
یا واحد	یا واحد	یا رب	
حلیما	جلسا		عسا

برائے لاکڑا کاکڑا

لاکڑا کاکڑا کے مرض کے لیے ذیل کا عطیہ حکیم احمد حسین بخاری چشتی، مہروردی از حد اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش دو عدد زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان پر اپنی آیات کا ستر مرتبہ بمعہ درود شریف اول و آخر پڑھ کر دم کریں۔ ان میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے سرخ موتی کپڑا میں بند کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں جبکہ دوسرا نقش کسی میٹھے شربت میں حل کر کے وہ شربت مریض کو پلائیں۔



انشاء اللہ العزیز الحکیم اس سے بخار لاکڑا کاکڑا دفع ہو جائے گا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ۙ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ۙ وَ

إِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ۝ وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ ۝ عَلِمَتْ
نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ ۝ يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ
بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ ۝ الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ ۝
فِي أَيِّ صُورَةٍ مَّا شَاءَ رَكَّبَكَ ۝

بچوں کے لیے گھٹی

جوتے اور دستوں کے بند کرنے میں اکسیر ہے۔
زہر مہرہ ختائی ۳ ماشہ، مازو ۲ ماشہ، پہنیا ۳ ماشہ، سفوف بنا کر چٹکی دیں۔

جوب ہیضہ دافع

آرد پوست بیخ اک ۴ ماشہ، گل سرخ تولہ، ادرک ۹ ماشہ، مویز ج تولہ۔
حب بقدر دانہ مسور بنائیں۔ ہر تین گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ پلائے دیں۔
انشاء اللہ شفا ہوگی۔

سنون دافع وجع الاسنان

(مبخن پھٹکری تولہ، تخم گندنا ۹ ماشہ، تخم پیاز ۶ ماشہ (اگر سفید ہو تو بہتر ہے)
عاقرقرحا ۹ ماشہ، نمک طعام ۶ ماشہ، سفوف بنا کر دانتوں پر ملیں۔ انشاء اللہ
تعالےٰ شفاء ہوگی۔

سر درد کیلئے | نسوار، توشادر، ماشہ، گیرو ماشہ، سیاہ مرچ ماشہ، نمک طعام ماشہ، نسوار بنا کے مخالف طرف سونگھیں۔ سر درد کے لیے مفید ہے۔

دافع عرت الطمث | بیخ گھکریل، باؤ برنگ، مالکنگنی، معبر، بوٹا کھار، جوکھار ہر ایک ایک ماشہ، مغز بادام مقشر ۱۲ عدد ناریل مقشر ۴ ماشہ۔ راڑا ماشہ، مویزج ماشہ، کاگنج سفید ماشہ، جائفل ماشہ، سب کو کھرل کریں اور فرزجہ تیار کر کے لعاب کتیرا سے تر کریں اور سفوف مذکورۃ الصدر میں لتھرا پتھرا کے رحم کے منہ میں رکھیں۔ اللہ تعالیٰ شفا بخشے گا۔

کاکڑالا کڑا یا چکن پاکس

قدرتی علاج :-

- ہوادار کمرے میں مکمل آرام کرنا چاہیے۔
- ناخن کاٹ دینے چاہئیں تاکہ انجانے میں کھجلایا نہ جا سکے کیونکہ کھجلانے سے زیادہ گہرے نشان پڑ جاتے ہیں۔
- پہلے دو دن خوراک میں رس پینے کو دیں۔ خاص طور سے ناریل کا پانی، لیموں کا پانی دیں۔
- شہد کو پانی میں ملا کر دیں۔ بھیگے ہوئے منقیٰ اور کشمش کا پانی دیں اور زیادہ سے زیادہ پانی پلائیں۔ دھنیا اور گاجر کا سوپ بہت مفید ہے۔
- اس کے بعد پھل، سلاد، انکھوا نکلا اناج وغیرہ اور وٹامن "اے" والی غذا دیں۔
- کافی، چاکلیٹ، تلی بھنی چیزیں، چینی، مٹھائی اور میدے کی چیزوں سے پرہیز

کرنا چاہیے۔

- سورج کی شعاؤں میں گرم کیا ہوا ہرے رنگ کی بوتل کا پانی پلائیں۔
- گرم پانی کا اینیما، پیٹ پر مٹی کی پٹی، ہر روز دن میں دو بار چھاتی کی لپیٹ لگائیں۔
- کسی بھی شکل میں تلسی کا استعمال ضرور کریں۔ (قدرتی صحت یوگ)

ام الصبیان

قرنفل کے چند دانے باریک کپڑا میں منڈھ کر بطور تعویذ بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ اس کے بعد شرعیہ دورہ نہیں پڑے گا، دورہ کی حالت میں قرنفل سنگھا دیں۔ فوراً صحت ہوگی۔

نمونیا ذات الجنب وغیرہ اوجاع الصدر دڈبہ اطفال، کشتہ گودنتی ایک چاول سے ۲ رتی تک حسب برداشت وعمر وطاقت مریض کے صفراوی میں ہمراہ چار شیریں یا شربت شفا اور دموی میں ہمراہ شربت نیلوفر کے کھلا دیں۔ درد کی جگہ پر عطر گلاب دو چار قطرے مالش کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔ منٹوں میں درد ساکن اور طبیعت بحال ہو جاتی ہے، حسب ضرورت دو چار روز بعد میں کھلا دیں۔ تپ، کھانسی وغیرہ عوارضات بھی اسی سے کافور ہو جاتے ہیں ہمارا دعویٰ ہے کہ اس سے بہتر آج تک اس مرض کا نسخہ کسی کے پاس نہیں ہے۔

اکسیر نمونیہ شاخ کوزن ۱ تولہ، برگ کنوار گلاں میں دے کر دس سیر کی آنچ دیں، سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر شیشی میں رکھ لیں۔ اگر کشتہ ہونے پر کچھ نقص نظر ہو تو مکرر کر لیں۔ خوراک ایک سے ۲ رتی

ہمراہ عرق اجوائن نہایت اکسیر ہے۔

برائے اسہال بچگاں تباشیر کبود، الائچی خورد، گل سرخ، ست گلو، ست ملٹھی، مغگی، کنول ڈوڈہ، زرشک ہر ایک ایک تولہ۔ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ مناسب بدرقات سے دیں۔ بچوں کی کھانسی، اسہال، بخار اور قے کے لیے بہت مجرب چیز ہے۔

ذات الریا نمونیا کالی مرچ کو جوشاندہ یا لعوق کے طور پر استعمال کرنا ذات الریہ (نمونیا) میں نہایت مفید ہوتا ہے۔

دیگر کالی مرچ کو روغن گل یا روغن کنجد میں ملا کر سینہ اور پھیپھڑوں کے مقام پر مالش کرنے سے بھی نمونیا کے درد میں بہت افاقہ ہو جاتا ہے اور ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔

قصبۂ ریہ کالی مرچ کے جوشاندے کو نیم گرم شہد سے شیریں کر کے پینے سے قصبۂ ریہ دور ہو جاتا ہے۔

پسلیوں کا درد شوصہہ کالی مرچ کے اندرونی و بیرونی استعمال سے موصہہ (چھوٹی پسلیوں کے درد) کو فائدہ پہنچتا ہے۔

اسی دوا کے استعمال سے ذات الجنب (درد پہلو) بھی دور ہو جاتا ہے۔

برائے ہیضہ

(کالی مرچ و شہد سے علاج)

چوب صندل سفید، زہر مہرہ، ناریل دریائی، نرکچور، حجر الیہود تمام کو پتھر پر عرق گلاب میں گھس کر دو دو تولہ تھوڑے تھوڑے وقفہ پر دینے سے کلی صحت حاصل ہو جاتی ہے۔ جس جگہ آزمایا تیر بہدف ثابت ہوا۔

ہیضہ کیلئے لاجواب نسخہ

کافور بھیم سینی ایک ایک رتی آب پیاز ۵ تولہ میں حل کر کے مصری ملا کر چمچہ چمچہ تا صحت دیتے رہیں۔ نئی زندگی نصیب ہوتی ہے۔

تپدق اور سل کے لیے بنفشہ چن، دانہ الائچی خورد، مصطگی رومی ہر ایک تولہ تولہ کہربائے شمعی بھیم سینی کافور (ایوردیدک مرکب) کشتہ مروارید ناسفتہ، زعفران کاشمیری، ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ مشک ۴ ماشہ۔ مصری ۱۰ تولہ ۸ ماشہ۔ سفوف بنا کر تین ماشہ صبح تین شام کو بمراد عرق ۱ تولہ اور شربت ۳ تولہ بہ نسخہ ذیل استعمال کرنے سے ایک ماہ میں دوسیر پختہ خون صالح پیدا ہوتا ہے۔

سانپ کاٹے کا علاج

لہسن ایک پوتھیا ایک پاؤ دودھ گائے میں پیس کر فوراً مار گزیدہ کو پلائیں۔ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ اگر مریض بے ہوش ہو جائے تب نوشادر پیس کر سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگائیں۔ اور جب بیدار ہو تب دوبارہ لہسن پلائیں۔

جوشاندہ :۔

یہ جوشاندہ کلورومائی سین اور آریومائی سین کی طرح زود اثر ہے۔ ہر قسم کے میعادی بخاروں میں مفید ہے۔ موتی جھرا میں دینے سے دانے نکالتا ہے۔

نسخہ :۔

پھول گاؤزبان، سونف، خوب کلاں ہر ایک ۶، ۶ ماشہ۔ عناب ایرانی، مویز منقیٰ ہر ایک ۵، ۵ دانہ۔ جملہ ادویہ کو ایک سیر پانی میں جوش دیں اور چھان کر صبح دوپہر شام تین بار پلائیں۔

طاعون وہیضہ سے حفاظت الٰہی

طاعون اور ہیضہ کی وبا پھیل جانے کی صورت میں اس سے بچاؤ کے لیے ذیل کا عطیہ میاں فرزند حیات قادری بے حد فائدہ بخش ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے موٹی قلم سے سفید گتے پر بنائیں اور اس کو قدرے خوشبو لگا کر مکان کے بڑے دروازے پر چسپاں کر دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم وہ گھر ان وباؤں سے حفاظت الٰہی میں رہے گا۔

ح	بِسْمِ اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
	۱۲۴۸۷	۱۲۴۸۱	۱۲۴۸۹
ی			
	۱۲۴۸۸	۱۲۴۸۶	۱۲۴۸۳
م			
	۱۲۴۸۲	۱۲۴۹۰	۱۲۴۸۵

کتے کا زہر زائل کرنے کیلئے

جس کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو اور اس کے زہریلے اثرات سے بچاؤ کے لیے ذیل کا عطیہ حکیم دیوان بابا قادری المعروف سنیاسی بابا بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش دو عدد زعفران دگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان میں سے ایک نقش لاہوری نمک کے پانی میں حل کر کے پانی سے مریض کے زخموں کو بار بار دھوئیں اور دوسرے نقش کو پانی میں حل کر کے اس کا پانی مریض کو بار بار پلائیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم چند دن کے اندر اندر مریض کے اندر سے تمام زہریلے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ (تحفہ فقیری)

بچہ کی پسلی کے لیے

جس بچے کو پسلی کا عارضہ ہو جائے یہ نقش موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ اس طرح کہ تعویذ کوڑی پر پڑا رہے انشاء اللہ تعالےٰ شفاء ہو گی۔ نقش یہ ہے۔



پسلی کا درد یا پلورسی

قدرتی علاج :۔

اس کا صرف ایک ہی علاج ہے فاقہ کرنا۔ صرف پانی اور سنگترے کا رس دیں۔ رس پر فاقہ ایک ہفتہ تک جاری رہ سکتا ہے۔

اس دوران ہر روز گرم پانی کا اینیما، چادر لپیٹ، نیم گرم پانی سے جسم کا اسفنج، گرم گیلی پٹی کی چھاتی کی لپیٹ دن میں دو تین بار کریں۔

جب درجہ حرارت معمول پر آ جائے اور زور کی بھوک لگے تو سمجھیں کہ تکلیف دور ہو گئی۔

جوڑوں اور گنٹھیا کا علاج

جوڑوں اور گنٹھیا کے مرض میں مبتلا افراد علاج کے ذیل کا عطیہ حکیم ارشد حسین

نقشبندی از حد فائدہ بخش ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اس کو روغن زیتون میں حل کرلیں اور اس کی مالش جوڑوں پر کریں اور دو گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے دھولیں۔ بعد ازاں سات مرتبہ سورۃ الغاشیہ پڑھ کر جوڑوں پر دم کریں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس مرض سے شفا ملے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۹۳۶۴	۹۳۶۷	۹۳۷۰	۹۳۵۶
۹۳۶۹	۹۳۵۷	۹۳۶۳	۹۳۶۸
۹۳۵۸	۹۳۷۲	۹۳۶۵	۹۳۶۲
۹۳۶۶	۹۳۶۱	۹۳۵۹	۹۳۷۱

هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۝ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝

برائے برص یعنی سفید داغ

جو کہ تیس سالہ خواہ پچاس سالہ ہو، مجرب ہے کئی بار کا آزمودہ ہے۔ سفوف ریوند چینی ۶ ماشہ ہمراہ آب باسی ۱ تولہ۔ شہد ۱ تولہ حل کر کے ہر روز بوقت صبح دیں۔

استعمال :۔ حد استعمال چھ ماہ سے ایک سال تک۔

خناق کے لیے

یہ مرض عام طور پر معصوم بچوں کو ہوتا ہے۔ اس مرض میں خوردبین سے بھی نظر نہ آنے والے کیڑے سانس کی نالی میں اس تیزی سے پرورش پاتے ہیں کہ چند گھنٹوں میں سانس کی نالی بند ہو جاتی ہے۔ اگر بروقت تدارک نہ کیا جائے تو یہ کیڑے جھلی کی شکل میں سانس کی نالی کو بالکل بند کر دیتے ہیں اور مریض کا دم گھٹ جاتا ہے۔ اس موذی مرض سے نجات حاصل کرنے کے لیے ایک مرتبہ یہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔

مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط

اور یہ پانی بار بار حلق میں ڈالیں اور گلا سہلاتے رہیں تاکہ پانی حلق سے نیچے اتر جائے۔ اس مرض میں لاپرواہی نہ کریں۔ خطرناک مرض ہے۔

(روحانی علاج)

برص (سفید داغ)

قُلْ هُوَ الْمُعِيْنُ يَا مَعْرُوْفُ الْمَنَّانُ وَالْحَلِيْمُ

ایک عرصہ تک پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر تین وقت پئیں۔ اس مرض میں مچھلی، انڈا اور دہی سے پرہیز ضروری ہے۔

بیماری جو سمجھ میں نہ آئے

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ اگر بیماری دورے کی شکل میں ہو تو ایک تعویذ دھو کر پلائیں۔ نقش اگلے صفحہ پر۔



برص یا پھلبھڑی

قدرتی علاج :-

❊ سب سے پہلے کچھ دن پھلوں اور سبزیوں کے رس پر رہیں۔ اس کے بعد ایک دو برس تک بغیر آگ کی پکی یعنی کچی غذا انکھوا نکلا اناج وغیرہ لیں۔ پندرہ دن میں ایک بار رس پی کر فاقہ کرنے کے عمل کو دہراتے رہیں۔

❊ گاجر، چقندر، بھنگو یا انکھوا نکلا کالا چنا، انجیر، کھجور، تلسی کے پتے، ترپھلا تھوڑی ہلدی ملا کر، نیم کی پتیاں خاص طور پر مفید ہیں۔ رات کو تانبے کے برتن میں رکھا پانی ضرور پئیں۔

❊ چائے، کافی، سفید چینی، نمک، مرچ، مصالحے۔ ڈبہ بند کھانے، بوتل بند کھانے کی چیزیں۔ نشیلی چیزیں، گوشت، انڈا وغیرہ کا قطعی استعمال نہ کریں۔

اولاد نرینہ

جس کسی عورت کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل

کا نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے بنائیں اور اس پر سورہ کوثر اور آیت ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ اول و آخر درود شفاء اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو موم جامہ کر کے عورت کو جب تین ماہ کا حمل ہو جائے پیٹ کے بائیں جانب باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس عمل کی بدولت اولاد نرینہ حاصل ہوگی۔

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
لَا یَرَوْنَ	فِیْهَا	شَمْسًا	وَّلَا زَمْهَرِیْرًا
اِنَّا	اَعْطَیْنٰكَ		الْكَوْثَرَ
فَصَلِّ	لِرَبِّكَ		وَانْحَرْ
اِنَّ	شَانِئَكَ		هُوَ الْاَبْتَرُ

(تحفہ درویشی)

وضع حمل کے بعد پیٹ کا بڑھنا

اکثر دیکھا گیا ہے کہ اگر بچہ کی پیدائش کے بعد پیٹ کی صحیح دیکھ بھال نہ کی جائے تو پیٹ بڑھ جاتا ہے۔ اس کے لیے

نَسْطِیْرِ شَیْءٌ الْحَرْص

زرد رنگ سے پلیٹ پر لکھ کر صبح، دوپہر، شام ایک ایک پلیٹ پانی سے دھو کر پلائیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS

اولاد نرینہ کے لیے

اولاد نرینہ کے حصول کے لیے ذیل کا عمل اخذ کردہ اعمال رضا از الحاجی عبدالرحیم بستوی مفید اور نافع ہے۔

جب عورت کا حمل ایک ماہ کا ہو جائے تو باوضو حالت میں تین دن تک حاملہ عورت کی داہنی پسلی پر مردانگشت شہادت سے سورۂ اعلیٰ کو تین مرتبہ لکھے اور اس پر ستر مرتبہ سورۂ اعلیٰ پڑھ کر دم بھی کرے انشاء اللہ تعالےٰ اس عمل کی بدولت اللہ عزوجل اولاد نرینہ سے نوازیں گے۔

سفوف برائے طاعون

پپیتا ۶ ماشہ، بناشیہ ۸ ماشہ، الائچی سفید ۲ تولہ، جدوار ۲ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، مشک کافور ۱ تولہ، کمیلہ ۱ تولہ، درد نج عقربی ۶ ماشہ

خوراک :- ۲ رتی، ہمراہ عرق گاؤزبان، بید مشک، کیوڑہ و عرق نیلوفر۔

برائے طلا گھونگچی سفید ۱ تولہ، قرنفل ۲ تولہ، شیر مدار ۲ تولہ، آب پیاز ۲ تولہ۔ ان سب اشیاء کو کھرل کر کے تین دفعہ گلٹی پر لیپ کریں۔

فساد دشمن ختم کرنا

فساد دشمن کے خاتمہ کے لیے امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کا ذیل کا عمل بے حد اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے کچی اینٹ پر تیار کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۳۱۳	۲۳۱۶	۲۳۱۹	۲۳۰۵
۲۳۱۸	۲۳۰۶	۲۳۱۲	۲۳۱۷
۲۳۰۷	۲۳۲۱	۲۳۱۴	۲۳۱۱
۲۳۱۵	۲۳۱۰	۲۳۰۸	۲۳۲۰

اعوذ برب الفلق

من شر ما خلق ومن شر غاسق اذا وقب

سکل شر الخناس

دفع شود بحق یا قاہر یا قہار یا ذا البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ زبر کن فلاں بن فلاں بحق فلاں بن فلاں

اس پر سورۂ ماعون اکیاسی مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کچی اینٹ کو دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔

جگر کے تمام امراض

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کان البحر مدادا لکلمات ربی

ایک کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنایا جائے۔ عورتیں گلے میں پہنیں اور مرد بازو پر

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

باندھیں۔اس کے علاوہ کاغذ یا پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ پئیں۔
جگر یا گردوں کی خرابی سے اگر جسم پر ورم آجائے۔ وہ بھی اس علاج سے ختم ہوجاتا ہے۔ (روحانی علاج)

مقوی جگر

کالی مرچ ۲ یا ۳ ماشہ کی مقدار شہد یا شربت زراوند یا کسی مفید بدرقہ سے کھانا مبرودین کے لیے مقوی جگر ہے۔

دیگر کالی مرچ ایک ماشہ، تخم کاسنی ۵ ماشہ، زرشک شیریں ۳ ماشہ تینوں کو پاؤ بھر پانی میں بطور ٹھنڈائی گھوٹ کر مصری وغیرہ سے شیریں کرکے پئیں۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی جگر ہے۔

دیگر کالی مرچ کو شربت ریوند چینی کے ساتھ کھانا مقوی جگر ہے اور اس کو سدوں اور غلیظ مواد ات وفضلات سے پاک کرتی ہے۔

درد جگر بلغمی

کالی مرچ کو شربت کاسنی یا سکنجبین اصلی کے ساتھ کھانے سے درد جگر بلغمی کا ازالہ ہوتا ہے۔

سوءالقینہ

مرچ سیاہ، ریوند خطائی، خبث الحدید مدبر، ہر ایک ہم وزن لے کر خوب باریک بنا کر تین گنا شہد میں ملا رکھیں اور چھ ماشہ صبح نہار منہ عرق بادیان سے کھا لیا کریں۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مسکن درد

کالی مرچ ۳ ماشہ، افیون ۱ ماشہ، دونوں کو سرکہ میں پیس کر مقام جگر پر ضماد کردیں۔ مسکن درد ہے۔

ورم جگر

کالی مرچ ۶ ماشہ کو نیم کوب کرکے پاؤ سیر عرق مکو میں جوش دیں پھر چھان کر اس میں شہد ۲ تولہ شامل کرکے نیم گرم پئیں۔

دیگر کالی مرچ ۳ ماشہ، پرسیاوشان، تخم کرفس، تخم شبب ہر ایک ۴ ماشہ سب کو پاؤ سیر عرق مکو میں جوش دے کر چھان کر شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ ورم جگر درد کے لیے بہت مفید ہے۔

دیگر کالی مرچ ۴ ماشہ۔ آرد جو ۸ ماشہ، برگ مکو ایک تولہ۔ سب کو سرکہ میں گھوٹ کر مقام ماؤف پر نیم گرم ضماد کریں۔ ورم جگر میں مفید ہے۔

ورم طحال

کالی مرچ شربت سکنجبین یا کسی دوسرے بدرقہ سے کھانے سے طحال کا ورم تحلیل ہوجاتا ہے۔

یہی دوا اعظم طحال کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔

اکسیر امراض جگر

کالی مرچ، نانخواہ، تخم کرفس، ریوند چینی، ریوند خطائی، زربناد سب دوائیں

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

ہم وزن لے کر خوب باریک کر کے تین گنا شہد میں ملا رکھیں۔ ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہر روز کھایا کریں۔ بہت سے امراض جگر میں مفید ہے۔

(کالی مرچ سے علاج)

رعشہ کے لیے اکسیر اعظم

رعشہ کے مریضوں کے لیے ذیل کا عمل عطیہ فقیری آزمودہ اور اکسیر اعظم ہے اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں۔ اب روغن زیتون اور روغن کلونجی ہم وزن لے کر ان دونوں کو شیشے کی سرخ بوتل میں ڈال کر اس میں اس نقش کو حل کر لیں اور اس شیشی کو سات دن دھوپ میں اس طرح رکھیں کہ بوتل زیادہ وقت دھوپ میں پڑی رہے۔

اب اس بوتل پر ذیل کی آیات تین دن روزانہ بہ تعداد تیرہ سو پڑھ کر دم کریں اول و آخر درود شریف شفاء بھی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اب اس تیل کی مالش صبح و شام نیم گرم حالت میں ٹانگوں اور رعشہ زدہ حصوں پر مالش کریں دو گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے ان کو صاف کر لیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد مریض اس مرض سے شفا پا کر تندرست ہو جائے گا۔

اسی طرح اس عمل کو ریشہ پڑ جانے والے اعضاء بالخصوص پاؤں کے معاملے میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ہر دو صورتوں میں مریض کو روزانہ سورۂ فاتحہ شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، آیات شفاء اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی گیارہ مرتبہ۔ اول و آخر درود شفاء۔ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی بھی دم کر کے صبح و شام پلایا کریں۔ بے حد ضروری ہے۔ آیت مبارکہ اگلے صفحہ پر

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

نقش یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲۶۹	۱۲۶۳	۱۲۷۱
۱۲۷۰	۱۲۶۸	۱۲۶۵
۱۲۶۴	۱۲۷۲	۱۲۶۷

یَا شَافِیُ

(تحفہ فقری)

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks













FREE AMLIYAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور